ڈاکٹر جوزف شاخت

یادگار ملاقاتیں

ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم سے میں صرف ایک ہی مرتبہ ملا۔ اور یہ موقع بین الاسلامی مجلس مذاکرہ کا تھا جو دسمبر ۱۹۵۹ء۔ جنوری ۱۹۶۰ء میں لاہور میں منعقد ہوئی تھی۔ کاش مجھے ان سے پھر ملنے کے مواقع ملتے۔ میرے دل میں ان کی یاد اور قدر و منزلت ہمیشہ باقی رہے گی اور میں اس یادگار استقبالیہ کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا جو انھوں نے ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ میں ترتیب دیا تھا۔

ڈاکٹر برنارڈ لیوس

لاہور میں منعقد شدہ بین الاقوامی مجلس مذاکرہ میں شرکت کے لیے جب میں لاہور گیا تو وہاں مجھے ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم سے ملنے کا موقع ملا۔ اگرچہ ہمارا ساتھ صرف چند روز رہا۔ لیکن اس مختصر عرصہ میں بھی میں ڈاکٹر حکیم کے علم و فضل سے بہت متاثر ہوا اور ان کے خلوص کا دل سے قائل ہو گیا۔